## قصبہ کالونی میں ایک لسانی تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے ایریا انچارج جاوید زاہد شہید اور کارکن کے بھائی سفیان حسین زخمی ہوگئے

## مسلح دہشت گردوں نے پرانی سبزی منڈی کے علاقے میں جرائم پیشہ شخص کی گرفتاری کو جواز بنا کر علاقے میں گاڑیوں پر پتھراؤ کیا اور اردو بولنے والے راہگیروں کو تشدد کا نشانہ بنایا۔تشدد کی کارروائیاں ڈالمیا کے علاقے میں بھی کی گئیں

## اس لسانی تنظیم نے شہر کے کسی بھی علاقے میں ہونے والے واقعہ کو جواز بنا کر شہر کے مخصوص علاقوں میں فائرنگ کرنا،

## اردو بولنے والے شہریوں کو اسلحہ کے زور پر تشدد کا نشانہ بنانا اور دہشت گردی کا بازار گرم کرنا روز کا معمول بنالیا ہے

## پختونوں کے حقوق کی نام نہاد علمبردار تنظیم اسلحہ اور دہشت گردی کے ذریعے کراچی کا امن تباہ کررہی ہے۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔۔29 جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے قصبہ کالونی میں ایک لسانی تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے اندھادھند فائرنگ کے نتیجے میں ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے ایریا انچارج جاوید زاہد کی شہادت اور کئی ہمدردوں کے زخمی ہونے کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس لسانی تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے آج کسی جواز کے بغیر قصبہ کالونی، یونٹ 132 کے اے ون ایریا کی اردو بولنے والی آبادی پر پہاڑی سے اندھادھند فائرنگ کی جسکے نتیجے میں ایم کیوایم کے ایریا انچارج جاوید زاہد شہید ہوگئے ۔ان مسلح دہشت گردوں نے قصبہ کالونی آنے جانے والوں پر بھی گولیاں برسائیں اورانہیں تشدد کا نشانہ بنایا۔اس فائرنگ کے نتیجے میں ایم کیوایم یونٹ 132 کے کارکن اقبال حسین کے بھائی سفیان حسین زخمی ہوگئے ۔سفیان حسین اپنی ڈیوٹی سے واپس گھر آرہے تھے کہ دہشت گردوں کی گولیوں کا نشانہ بنے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے لسانی تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے اندھادھند فائرنگ اور دہشت گردیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پختونوں کے حقوق کی نام نہاد علمبردار تنظیم اسلحہ اور دہشت گردی کے ذریعے کراچی کا امن تباہ کررہی ہے۔اس لسانی تنظیم سے تعلق رکھنے والے مسلح دہشت گردوں نے آج پرانی سبزی منڈی کے علاقے میں ایک جرائم پیشہ شخص کی گرفتاری کو جواز بنا کر علاقے میں گاڑیوں پر پتھراؤ کیا اور اردو بولنے والے راہگیروں کو تشدد کا نشانہ بنایا۔تشدد کی اسی طرح کی کارروائیاں ڈالمیا کے علاقے میں بھی کی گئیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس لسانی تنظیم نے شہر کے کسی بھی علاقے میں ہونے والے کسی بھی واقعہ کو جواز بنا کر شہر کے مخصوص علاقوں میں فائرنگ کرنا، اردو بولنے والے شہریوں کو اسلحہ کے زور پر تشدد کا نشانہ بنانا اور دہشت گردی کا بازار گرم کرنا روز کا معمول بنالیا ہے جو اس حقیقت کا کھلا ثبوت ہے کہ ان دہشت گردوں کا واحد مقصد شہر کو دہشت گردی کی آگ میں جھونکنا اور شہر کا امن تباہ کرنا ہے ۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری ، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی ، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ لسانی تنظیم کی دہشت گردیوں کا فوری نوٹس لیا جائے ، دہشت گردی کا یہ سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے اور ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔

## قصبہ کالونی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں ایم کیوایم کے ایریا انچارج جاوید زاہد کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے کارکن اقبال حسین کے بھائی سفیان حسین سے بھی دلی ہمدردی کا اظہار

لندن۔۔۔29 جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے قصبہ کالونی کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے ایریا انچارج جاوید زاہد کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے ۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے جاوید زاہد شہید کے لواحقین سے دلی تعزیت اور گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاوید زاہد شہید کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے کارکن اقبال حسین کے بھائی سفیان حسین سے بھی دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی صحتیابی کی دعا کی۔

## شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ نے ہمیشہ امن وآشتی، پیارو محبت اوراحترام انسانیت کا پیغام دیا ہے، الطاف حسین
## شاہ سائیںؒ کے نزدیک زبان، رنگ، نسل، مسلک، عقیدہ اور مذہب کی کوئی تفریق نہیں تھی
## آج پاکستان اوراس کے عوام کو جس مذہبی انتہاء پسندی کا سامنا ہے شاہ سائیںؒ صدیوں پہلے
## عوام الناس کو اس عفریت سے نجات دلانے کی جدو جہد کررہے تھے، شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے عرس کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔29، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ سندھ دھرتی کے صوفی اور بزرگ شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ نے اپنی شاعری، تعلیمات اور عملی کردار کے ذریعہ ہمیشہ امن وآشتی، پیارو محبت اوراحترام انسانیت کا پیغام دیا ہے۔ شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے عرس کے موقع پر ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شاہ سائیںؒ کے نزدیک زبان، رنگ، نسل، مسلک، عقیدہ اور مذہب کی کوئی تفریق نہیں تھی اوران کے عقیدت مندوں میں تمام قومیتوں، تمام مسالک اور تمام مذاہب کے ماننے والے شامل ہیں جواس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ آج پاکستان اوراس کے عوام کو جس مذہبی انتہاء پسندی کا سامنا ہے شاہ سائیںؒ صدیوں پہلے عوام الناس کو اس عفریت سے نجات دلانے کی جدو جہد کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ شاہ سائیںؒ کا پیغام امن ومحبت صرف سندھ دھرتی اور پاکستان کے عوام کیلئے ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے انسان دوست اورامن پسند لوگوں کیلئے مشعل راہ ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ سے سچی عقیدت ومحبت کا تقاضا ہے کہ انکے پیغام امن ومحبت کو دنیا بھر میں عام کیا جائے، ذات پات، زبان، نسل، قومیت، مسلک، عقیدہ اور مذہب کی تفریق ختم کرکے احترام انسانیت کی بات کی جائے، خواتین کے حقوق کا احترام کیا جائے اور مذہبی انتہاء پسندی سے نجات کیلئے ان کی تعلیمات کو مشعل راہ بنایا جائے۔

## الطاف حسین نے ملک میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے اہم کردارادا کیا ہے، الحاج پیر حامد میاں چشتی

کراچی۔۔۔۔29 جنوری 2010

سجادہ نشین اجمیر شریف الحاج پیر حامد میاں چشتی نے اپنے پوتے سید سلمان چشتی کے ہمراہ جمعرات کو خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، کیف الوریٰ، سیف یارخان وصوبائی وزراء ومشیران، عبدالحسیب، شیخ محمد افضل، خالد بن ولایت سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ناظم جمشید ٹاؤن جاوید احمد اور ایم کیوایم علماء کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے پیر حامد میاں چشتی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ اتحاد بین المسلمین کا درس دیا ہے۔ الطاف حسین نے عوام کو لسانی، مذہبی اور فرقہ واریت کے خانوں میں تقسیم کرنے کے بجائے ایک قوم کا تصور مضبوط کیا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کو فلاحی ریاست بنانا چاہتی ہے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ برصغیر میں اسلام کی روشنی حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ اور دیگر صوفیائے کرام کی کوششوں سے پھیلا ہے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کو بتایا کہ بھارت سمیت پوری دنیا کی طرح پاکستان میں حضرات خواجہ معین الدین چشتیؒ کا عرس ہر سال عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ گدی نشین اجمیر شریف الحاج پیر حامد میاں چشتی نے اتحاد بین المسلمین کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ الطاف حسین وہ واحد رہنماء ہیں جنہوں نے ملک سے فرقہ وارانہ فسادات کا خاتمہ کیا۔ وفد کے ارکان نے الطاف حسین کی سیاست برائے خدمت کے فلسفے کو پاکستان میں خاموش انقلاب قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کی فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کی کوششوں کو تاریخ میں سنہرے حرفوں سے لکھا جائیگا۔ حامد میاں چشتی نے حق پرست قیادت کی جانب سے کراچی میں ہونے والے ترقیاتی کاموں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست قیادت نے کراچی میں انقلاب برپا کردیا ہے۔ گدی نشین اجمیر شریف الحاج پیر حامد میاں چشتی نے الطاف حسین کی درازی عمر کے لیے دعا کی۔

## معروف ادیب وشاعر عبدالعزیز خالد کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔29 جنوری 2010

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف ادیب اور شاعر عبدالعزیز خالد کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے اپنے تعزیتی بیان میں عبدالعزیز خالد مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی ادبی خدمات کو سراہا۔ جناب الطاف حسین دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالعزیز خالد مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## نیشنل پروگرام فارامپرومنٹ آف واٹرکورسز سندھ کے کنٹریکٹ ملازمین کے نمائندہ وفد کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔29 جنوری 2010

نیشنل پروگرام فارامپرومنٹ آف واٹرکورسز سندھ کے کنٹریکٹ ملازمین کے وفد نے ایکشن کمیٹی کے چیئرمین ایوب بڑوہی، وائس چیئرمین سید وقار حسین شاہ کی سربراہی میں گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان سے ملاقات کی اورانہیں ادارے میں کام کرنے والے کنٹریکٹ ملازمین کے مسائل سے آگاہ کیا۔وفد میں کاشف صدیقی، علی اکبر شامل تھے جبکہ اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی اور رکن آفتاب سومرو بھی موجود تھے۔مہمان وفد کے ارکان نے سیف یار خان کو بتایا کہ ادارے کی انتظامیہ اندرون سندھ سے تعلق رکھنے والے کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنے کے بجائے انہیں ہراساں کررہی ہے جس کے باعث ملازمین میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے اورانہیں اپنا روزگار ختم ہوتا نظر آرہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملازمین نے اپنے مطالبات کے حق میں گزشتہ روز کراچی پریس کلب پر مظاہرہ کیا جس کو منتشر کرنے کیلئے پولیس نے مظاہرین پر بے جا تشدد کیا۔انہوں نے ایم کیوایم کے حق پرست نمائندوں کی جانب سے ملازمین کے مسائل پر آواز اٹھانے پر قائد تحریک الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اوران سے اپیل کی کہ وہ ملازمین کے جائز مسائل کے حل کیلئے ملازمین کا ساتھ دیں۔اس موقع پر سیف یار خان نے کنٹریکٹ ملازمین کے مسائل کو انتہائی غور سے سنا اور ملازمین کے جائز مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## جمشید ٹاؤن یوسی 3 کے نائب ناظم انور سردار، کونسلر یوسف کھوکھر اور لیبر کونسلر رخسانہ اشرف نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرلی

کراچی۔۔۔29 جنوری 2010

جمشید ٹاؤن یوسی 3 کے نائب یوسی ناظم انور سردار، یوسی 3 کے کونسلر یوسف کھوکھر اور یوسی 1 کی لیبر کونسلر محترمہ رخسانہ اشرف نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے پر مکمل اعتماد کا اظہار اورایم کیوایم کی پالیسیوں اورشہر کی ترقی وخوشحالی سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر جمشید ٹاؤن کے حق پرست ناظم جاوید احمد، اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج تحسین قریشی اور محمود آباد سیکٹر کمیٹی کے جوائنٹ انچارج سلیم اشتیاق کے علاوہ دیگر بھی موجود تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے جمشید ٹاؤن کے نمائندوں نے شہر کی ترقی وعوام کی خوشحالی کیلئے سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال اور ٹاؤن ناظمین کے کاموں کو سراہا اور کہا کہ اس کا سہرا قائد تحریک الطاف حسین کے سر جاتا ہے جنہوں نے حق پرست نمائندوں کی بہتر انداز میں تربیت کی ہے۔رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پر منتخب نمائندوں کا خیر مقدم کیا اورانہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے کارکن عرفان تنظیم غیر معینہ مدت کیلئے معطل

کراچی۔۔۔29 جنوری 2010

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی بن قاسم ٹاؤن یونٹ 4 کے کارکن عرفان ولد ممتاز خان کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے عرفان ولد ممتاز خان سے دوران معطّلی کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29 جنوری 2010ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم جام شورو زون سعیدہ آباد یونٹ کے انچارج فقیر محمد لاکھو کے والد حاجی سلیمان لاکھو، ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر کے کارکن شمیم غوری کے والد عبدالسلام غوری ، اے پی ایم ایس او سیکٹر بی سیفی ایوننگ یونٹ کے کمیٹی ممبر محمد عدنان کے چھوٹے بھائی محمد نعمان، اے پی ایم ایس او حیدرآباد سیکٹر سندھ کامرس کالج یونٹ کمیٹی کے رکن ذاکر حسین کی دادی محترمہ صفیہ کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء اے پی ایم ایس او کے چیئرمین ومرکزی کابینہ نے بھی محمد عدنان کے چھوٹے بھائی محمد نعمان، ذاکر حسین کی دادی محترمہ صفیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں۔(آمین)

☆☆☆☆☆